# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

**اشتہار برائے نیلام عام برائے سال 25-2024ء**

نمبر 020/سٹور

مورخہ: 16.05.2025

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال میں **"جہاں ہے اور جیسے ہے"** کہ بنیاد پر موجود ناکارہ / سامان مثلاً پیٹر ڈیزل انجن (25KV)، کمپیوٹرز، مانیٹرز، ہیوی ڈیوٹی / آفس پرنٹرز، فوٹو کاپی مشینیں، یو پی ایس، کی بورڈ، ماؤس، مختلف کمپیوٹر اسسریز استعمال شدہ ٹونرز، سیاہی کی بوتلیں (متفرق اقسام) وغیرہ، متفرق آفس سٹیشنری، ٹیلیفون سیٹس، الیکٹریکل آئٹمز، انرجی سیور، بلب، ٹیوب لائٹس، الیکٹرک واٹر کولر، ایئر کولر، جنریٹر پارٹس، فلٹرز، آئل فلٹرز وغیرہ، متفرق مشینوں، گاڑیوں کے پرزہ جات، بیٹریز، ٹائرز (ناکارہ)، موبل آئل (ناکارہ)، سائیکلیں، کمپیوٹر چیئرز ٹوٹی ہوئی پلاسٹک چیئرز اور کباڑ پلاسٹک / آہنی وغیرہ کا نیلام عام مورخہ **28-05-2025** بروز بدھ بوقت **11:00AM** بجے دن کمیٹی کے ممبران کی موجودگی میں کیا جا رہا ہے۔

**شرائط وضوابط**

1- درج بالا ناکارہ سامان کا معائنہ / ملاحظہ دفتری اوقات کے دروان کسی بھی وقت کیا جاسکتا ہے۔

2- نیلامی میں شامل ہونے کے لیے رجسٹریشن فارم مع شناختی کارڈ کی نقل اور مبلغ -/25,000 = روپے بصورت اور یجنل بنک ڈرافٹ، زر ضمانت بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال نیلامی شروع ہونے سے ایک گھنٹہ قبل جمع کروانا ہو گا۔ شرائط وضوابط مع رجسٹریشن فارم بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ اور پیپرا ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے مذکورہ ڈاکومنٹس کے بغیر فرم / پارٹی / شخص نیلامی کے عمل میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

3- ناکام بولی دہندہ کی زر ضمانت اتھارٹی کی اجازت سے واپس کی جائے گی۔ نیلامی میں حصہ لینے والے کے پاس اصل قومی شناختی کارڈ کا ہونا لازم ہے۔

4- کامیاب بولی دہندہ موقع پر نیلامی کی کل رقم کا 25% فوری طور پر جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ جبکہ بقایا رقم اندر سات (07) یوم دفتر کے اکاؤنٹ / کھاتہ میں جمع کروانی ہو گی اور تمام ناکارہ سامان بولی کی رقم جمع کروانے سے دس (10) ایام کے اندر اٹھانا ہو گا۔

5- کامیاب بولی دہندہ کی جانب سے نیلامی کی تاریخ سے اندر سات (07) یوم بقایا رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں اس کی زر ضمانت اور 25% رقم بحق بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

6- ناکارہ سامان اٹھانے میں تاخیر کی صورت میں مقررہ تاریخ کے بعد مبلغ -/2,000 = روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ عائد کیا جائے گا جرمانہ عائد ہونے کے دس (10) ایام کے اندر سامان نہ اٹھانے کی صورت میں فرم کی زر ضمانت ضبط کر کے اسے نااہل قرار دیا جاسکتا ہے۔ تاہم جناب چیئر مین بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال عرصہ میں توسیع کر سکتے ہیں

7- مال کی پیکنگ / وزن کرانے کی مزدوری، باربرداری اور باردانہ بذمہ ٹھیکیدار ہو گا۔

8- تمام مروجہ ٹیکسز کامیاب بولی دہندہ کو جمع کروانے ہونگے بولی کی رقم علاوہ ٹیکسز ہو گی۔

9- کامیاب بولی دہندہ بولی کے اختتام کے سات (07) دن کے اندر اسٹام پیپر (مروجہ شرح) پر معاہدہ نامہ تحریر کرنے کا پابند ہو گا- نیز باقی نصف ماندہ رقم مقررہ تاریخ تک جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

10 بورڈ اتھارٹی تمام بولی / پیشکش ہائے کو مسترد کرنے کے مجاز ہیں۔

11 مورخہ **28-05-2025** کو نیلام عام مکمل نہ ہونے کی صورت میں درج بالا شرائط وضوابط کے مطابق دوبارہ نیلامی مورخہ **04-06-2025** کو ہو گی۔

پروفیسر محمد فیاض سلیمی

سیکرٹری